02/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی ایک خصوصی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مغربی ایشیاءمیں جاری صورتحال کے پیش نظر مختلف وزارتوں اور محکموں کی طرف سے کئے جا رہے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ۔ وزیر اعظم نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ ملک کے شہریوں کو جنگ کے اثرات سے تحفظ دینے کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میں منشیات کی بدعت کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ لوک بھون جموں میں کل ڈپٹی کمشنروں ، ایس ایس پیز اور سول و پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ایل جی نے کہا کہ منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے سخت قوانین وضع کرنے ، موثر حکمت عملی اختیار کئے جانے نیز بیداری پروگراموں کا وسیع پیمانے پر انعقاد کیا جانا چاہئے ۔

میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے ۔

LG دیہات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدی دیہات ملک کی سلامتی کا پہلا جز ہیں اور سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگ اس سلامتی کو بر قرار رکھنے کیلئے قربانیاں دیتے ہیں۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے جموں کے Makwal سرحدی گاؤں میں منعقدہ Vibrant ولیجز پروگرام سے خطاب کے دوران کیا۔

ملاقات

بِلاور کے ممبر اسمبلی ستیش شرما نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ محکمہ سیاحت جموں کشمیر میں سیاحت سے جُڑے افراد کی رجسٹریشن ، ان کی تربیت اور ان کو ایک منظم دھارے میں لانے کے لئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے تاکہ سیاحوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب ہو سکیں ۔

قانون ساز اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران تنویر صادق کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ بجٹ اجلاس کا پہلا حصہ 28 جنوری سے شروع ہو کر 13 فروری کو اختتام پذیر ہوا تھا جبکہ دوسرا مرحلہ 8 مارچ کو شروع ہوا ۔ رواں مرحلے کے دوران متعدد بِل پاس کئے گئے اور اسی اجلاس کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے دونوں ایوانوں سے خطاب کر کے مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے بھارتی حکومت کے موقف سے ارکان کو آگاہ کیا ۔

ڈے

سے بچنے کے Autism بیماری سے متعلق بیداری کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن Autism آج لئے احتیاطی تدابیر ، اختیار کی جانے والی پالیسیوں ، دستیاب علاج و معالجہ کی سہولیات سے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔

زو

ل¾

عیشمقام میں بلند پایہ ولی حضرت سخی زین الدین المعروف زینہ شاہ صاحب ؒکے سالانہ عرس کے سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ پر شبِ دوم کے سلسلے میں رات بھر شب بیداری ہوئی جس میں کافی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی ۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ آستان عالیہ پر آج نماز مغرب سے لے کر نماز عشاءتک روایتی زول کا اہتمام ہو گا ۔

کرائم برانچ

ٹیم کی جامع اور متواتر کاوشوں کی بدولت CCTNS جموں کشمیر پولیس کے کرائم برانچ کی پر اعلیٰ مقام حاصل ہوا ہے ۔ Dashboard پرگتی CCTNS کے NCRB جموں کشمیر یوٹی کو یوٹی کی فہرست میں دلی کو چھوڑ کر جموں کشمیر نے قومی سطح پر ریاستوں اور یوٹیز کی مجموعی رینکنگ میں پہلی رینک حاصل کی ہے ۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ یاترا کے دونوں ٹریکس کی مرمت کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یاتریوں کی سہولت کے لئے پیشگی میں تمام انتظامات مکمل کریں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ